*Beacon Light Academy Van Service Contract*

*Introduction:*

The primary responsibility of a dedicated and conscientious school van driver is to ensure the safe and timely transportation of students from their homes to the school and back, handing them over to their parents or guardians. Additionally, maintaining discipline, decorum, and safeguarding students from any misbehavior by their peers during the journey are also key duties.

Our institution has outlined several important rules and regulations, and we expect you to comply with these to avoid any complaints from the school administration or parents.

*Terms and Conditions:*

1. *Van Card Issuance:*

   - Every student must be provided with a van card by the van in-charge, which includes the following information:

     - Student's Name

     - Parent/Guardian's Name

     - Morning Pick-up Time

     - Drop-off Time

     - Proposed Fee

2. *Route Provision:*

   - It is the responsibility of the van contractor to provide the route to every student or teacher who wishes to use the school van service.

3. *No Transfer Between Vans:*

   - Students or teachers are strictly prohibited from transferring from one van to another during the journey.

4. *Service During Off-Hours:*

   - The van service must be available during any situation where the school opens outside of regular hours.

5. *Seating Arrangement:*

   - Every student and teacher must have a designated seat during the journey.

6. *Fee Collection:*

- Parents and teachers using the van service must pay the fee by the 10th of each month. If the fee is not paid on time, the service may be discontinued after two reminders or warnings.

7. *Fire Extinguisher:*

- Every van must have a fire extinguisher on board.

8. *Speed and Driving Conduct:*

- The van must not exceed the prescribed speed limit. Any driver found driving irresponsibly must be immediately dismissed.

9. *Driver Presence:*

- A representative of the van must be present at the school until the last student is safely dropped off at home.

10. *Technical Inspection:*

- Regular inspection of critical van components such as brakes, tires, and gears is mandatory.

11. *Prohibited Items:*

- No harmful objects should be present in the van that could potentially cause physical harm to students or damage their uniforms.

-Keeping or using gas cylinders in any van is strictly prohibited.

12. *Cleanliness:*

- Both the interior and exterior of the van must be cleaned daily.

*Contract Duration:*

This document is an agreement between Beacon Light Academy and the van contractor, effective from1st August 2024 to 31st July 2025. Both parties are bound to adhere to the terms and conditions mentioned above.

# بیکن لائٹ اکیڈمی وین سروس معاہدہ

## تعارف:

ایک ذمہ دار اور فرض شناس اسکول وین ڈرائیور کی سب سے اہم ذمہ داری پابندی سے طلباء کو گھر سے بحفاظت اسکول پہنچانا اور چھٹی میں بحفاظت گھر واپس پہنچانا اور والدین کی تحویل میں دینا ہوتا ہے، علاوہ ازیں دوران سفر نظم وضبط اور تہذیب و اخلاق کے ساتھ طلباء کو اُن کے ساتھیوں کی لاپرواہی میں کی گئی، حرکات سے بچانا بھی اُن کے اولین فرائض میں شامل ہے۔

ہمارے تعلیمی ادارے نے چند اہم اصول وضوابط وضع کیئے ہیں اور ہم توقع رکھتے ہیں کہ آپ ان قوانین کی پاسداری یقینی بنائیں گے اور اسکول انتظامیہ اور والدین کو شکایت کا موقع نہیں دیں گے -1

## شرائط وضوابط

1-وین کارڈ کی فراہمی:

ہر طالب علم کو وین انچارج کے ذریعہ فراہم کردہ وین کارڈ میں درج ذیل معلومات شامل ہوں گی:

* طالب علم کا نام * والدین یا سرپرست کا نام * صبح وین کی آمد کا وقت * چھٹی میں گھر پہنچانے کا وقت * تجویز کردہ فیس

## 2-راستے کی فراہمی:

وین کنٹریکٹر کی ذمہ داری ہے کہ وہ ہر طالب علم یا استاد کو وین کا روٹ فراہم کرے جو اسکول وین کی سہولت استعمال کرنا چاہتا ہے۔

## 3-وین تبدیلی کی اجازت نہیں:

دوران سفر طلبہ یا اساتذہ کو ایک وین سے دوسری وین میں منتقل کرنے کی اجازت ہر گز **نہیں** دی جائے گی۔

## 4-غیر معمولی اوقات میں سروس:

اسکول کے عمومی اوقات کار کے علاوہ کسی بھی صورتحال میں اسکول کھلنے کی صورت میں طلباء اور اساتذہ کو لازمی طور پر فراہم کردہ اوقات کار میں وین کی سہولت فراہم کی جائے گی۔

## 5-بیٹھنے کی جگہ:

5-ہر طالب علم اور استاد کے لیئے سفر کے دوران بیٹھنے کی جگہ موجود ہونا لازمی ہے۔

## 6-فیس کی وصولی:

وین کی سہولت استعمال کرنے والے والدین اور اساتذہ  ہر ماہ کی "دس" تاریخ تک فیس جمع کروانے کے پابند ہیں، فیس نہ جمع کرنے کی صورت میں دو بار یاد دہانی یا انتباہ کرنے کے بعد وین سروس منقطع کی جا سکتی ہے۔

## 7- آگ بجھانے والا آلہ:

ہر وین میں آگ بجھانے والے آلے کی موجودگی **ضروری** ہے۔

## 8-رفتار اور ڈرائیونگ:

کسی بھی حالت میں وین کی رفتار مقررہ حد سے بڑھانا سختی سے منع ہے اور غیر ذمہ داری سے چلانے والے ڈرائیور کو فوراً فارغ کر دینا ضروری ہے۔

## 9-ڈرائیور کی موجودگی:

جب تک وین کا آخری طالب علم گھر نہ پہنچ جائے اس وین کے کسی بھی نمائندہ کی اسکول میں موجودگی **لازمی** ہے۔

## 10- تکنیکی معائنہ:

تکنیکی لحاظ سے وین کے اہم پُرزہ جات مثلاً بریک، ٹائر، گئیر وغیرہ کی دُرستگی کی جانچ بھی پابندی سے ہونی  چاہیئے۔

## 11-ممنوعہ اشیاء:

وین کے اندر طلباء کو کسی بھی قسم کی ضرر پہنچانے والی اشیاء موجود نہیں ہونی چاہیئے جس سے طلبہ کو جسمانی طور پر یا ان کے یونیفارم کو نقصان پہنچنے کا خطرہ ہو۔

کسی بھی وین میں گیس کے سلنڈر کا استعمال یا گیس سلنڈر رکھنا سختی سے منع ہے۔

## 12- صفائی:

وین کی اندرونی اور بیرونی صفائی روزانہ کی بنیاد پر ہونی  چاہیئے۔

## معاہدہ کی مدت:

یہ دستاویزی معاہدہ مورخہ   یکم اگست 2024 کو اسکول اور وین کنٹریکٹر کے درمیان طے پایا ہے، اس کی معیاد 31 جولائی 2025 تک ہے، جس کے دونوں فریقین پابند ہونگے۔

دستخط اسکول انتظامیہ

دستخط وین کنٹریکٹر